Code : 63

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، جون 2025

## PhD (Islamic Studies) Entrance Test Question Paper, June 2025

Time: 2 Hours
Marks: 70

OMR Serial No.

وقت : دو گھنٹے
نمبرات : 70

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچہ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ آخری کے 2 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. یہ کتابچے دو حصوں Part A and Part B پر مشتمل ہے۔

پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔

حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

Code : 63

## حصہ اول (Part - A)

## تحقیق کے طریقہ کار Section-I (Research Methodology)

-1 مندرجہ ذیل میں سے کس دانشور نے کہا کہ 'نئی معلومات کے حصول کے لئے منظّم کاوش کو تحقیق کہتے ہیں'؟

(A) Eliot (B) Clifford Woody

(C) C.R.Kothari (D) Redman and Mory

-2 درج ذیل میں سے کون تحقیق کے محرکات (Motives of Research) میں شامل ہے؟

(A) تحقیقی سند کے حصول کی خواہش۔ (B) عزت وانعام کے حصول کی خواہش

(C) غیر حل شدہ مسائل کو حل کرنے اور ان سے مقابلہ کرنے کی خواہش۔ (D) تینوں صحیح ہیں۔

-3 تحقیق کے موضوع کے انتخاب کے سلسلے میں کون سی بات ذہن نشین رکھنی چاہیئے۔

(A) موضوع بہت مشکل ہو اور مقالہ نگار بھی اس موضوع کے ادراک سے عاجز ہو جائے

(B) موضوع محقق کی ذہنی سطح اور علمی میدان سے مطابقت رکھتا ہو

(C) موضوع کسی زندہ شخصیت سے متعلق ہو

(D) تحقیق شدہ موضوعات کو نیا نام دے کر ان پر تحقیق کرنا

-4 ان میں سے کون مقالہ کے خاکہ (Synopsis) کا لازمی عنصر نہیں ہے؟

(A) تعارف (B) اشاریہ سازی

(C) طریق تحقیق (D) مفروضہ

-5 تحقیقی مقالہ میں ۔۔۔۔۔ نقل کیا جا سکتا ہے۔

(A) براہ راست اقتباس (B) بالواسطہ اقتباس

(C) براہ راست اقتباس اور بالواسطہ اقتباس دونوں (D) صرف طویل اقتباس

-6 غلط جواب کی نشاندہی کریں۔

(A) مفروضہ علت و معلول کے تعلق کو قائم کرنے کا ایک طریقہ ہے

(B) مفروضہ کسی چیز کے متعلق ایک حتمی بیان ہے جس کی حقیقت یقینی طور پر معلوم ہوتی ہے

(C) مفروضہ تحقیق داں کو ایک صحیح سمت کا تعین کراتا ہے

(D) مفروضہ جمع حقائق کو ثابت کرنے کا ایک طریقہ ہے۔

Code : 63

-7 تحقیق میں موازناتی طریقہ(Comparative Method) کے حوالے سے صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(I) تحقیق کے موازناتی طریقہ میں الگ الگ اکائیوں، گروہوں، سماجی گروہوں کے بیچ کی یکسانیت اور تفریق کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

(II) اس طریقہ کے ذریعہ سماج میں ہو رہی تبدیلی، اس کے اسباب اور ان کے اثرات کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔

(III) موازناتی طریقہ پوری طرح سے خامیوں سے پاک اور آزاد ہوتا ہے۔

(IV) موازناتی طریقہ صرف موازنوں کو پیش کرنے کا طریقہ نہیں بلکہ موازنے کے ذریعہ وضاحت کرنے کا طریقہ ہے۔

(A) I, II, IV

(B) II, III, IV

(C) I, II, III

(D) I, II, III, IV

-8 حوالہ بندی کے طریقے APA کا فل فارم ہے۔

(A) American Psychological Authority

(B) American Psychological Association

(C) American People Association

(D) All Points Addressable

-9 تحقیق میں معروضیت(Objectivity) کسے کہتے ہیں۔

(A) کسی بھی حقائق یا مظہر کو ''جیسا وہ ہے'' اسی طرح سے دیکھنا اور بیان کرنا۔

(B) غیر جانب دار اور لاتعلق مشاہدے کے ذریعے حقائق کا ان کی اصلی شکل وصورت میں جمع کرنا اور تجزیہ کرنا

(C) A &B دونوں صحیح ہیں

(D) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

-10 A History of Muslim Historiography کس کی تصنیف ہے؟

(A) Franz Rosenthal

(B) Adolf Grohmann

(C) Annemarie Schimmel

(D) Bernard Moritz

-11 نسل نگاری(Ethnography) کا مطلب ہے۔

(A) لوگوں یا ثقافت کے بارے میں لکھنا

(B) ثقافت کی تاریخ کو از سر نو تعمیر کرنے کی کوشش

(C) A &B دونوں صحیح ہیں

(D) A &B دونوں غلط ہیں

Code : 63

-12 تحقیقی مقالہ سے متعلق صحیح جواب کی نشاندہی کریں۔

(I) تحقیق مقالہ چونکہ واقعات وحقائق پر مبنی ہوتا ہے، اس لئے اس میں لفاظی یا افسانہ طرازی سے کام نہیں لینا چاہئے۔

(II) تحقیقی مقالہ میں اگر مواد کی کمی ہو تو رنگین بیانی، لفاظی یا خطابت اس کی تلافی نہیں کرسکتی ہے۔

(III) تحقیقی مقالہ میں جذباتی طرز استدلال اور ناصحانہ انداز بیان بہتر طریقہ ہوتا ہے۔

(IV) عبارت میں یکسانی برقرار رکھنا ضروری ہے۔

(A) I, II, III, IV
(B) II, III, IV
(C) I, II, III
(D) I, II, IV

-13 ISBN کا فل فارم ہے۔

(A) Internet Standard Book Number
(B) International System Book Number
(C) International Standard Book Number
(D) ان میں سے کوئی نہیں

-14 قدیم کتبوں، نقوش اور دستاویزوں کا مطالعہ ۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(A) Palaeography
(B) Calligraphy
(C) Historiography
(D) Numismatics

-15 ذیل میں سے صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔

(A) ابن ابی طاہر طیفور۔ الاخبار الطوال
(B) ابن مسکویہ۔ کتاب بغداد
(C) ابن الجوزی۔ المنتظم فی تاریخ الملوك و الامم
(D) الدینوری۔ تجارب الامم و تعاقب الهمم

-16 کس قسم کی تحقیق میں محقق کسی واقعہ کے متعلق دستیاب مواد کا تجزیہ کرتا ہے اور واقعہ کی وجوہات اور اثرات جاننے کی کوشش کرتا ہے۔

(A) اطلاقی تحقیق (Applied Research)
(B) تجزیاتی تحقیق (Analytical Research)
(C) تقابلی تحقیق (Comparative Research)
(D) مقداری تحقیق (Quantative Research)

-17 مواد جمع کرنے کے براہ راست اور ابتدائی ماخذ میں ۔۔۔۔۔ ایک اہم طریقہ ہے۔

(A) دائرۃ المعارف
(B) انٹرویو
(C) نصابی کتب
(D) نصوص کے تراجم

Code : 63

-18 ذیل میں سے کسے خالص تحقیق (Pure Research) کہا جاتا ہے؟

(A) بنیادی تحقیق ( Fundamental Research) (B) اطلاقی تحقیق ( Applied Research)

(C) نمونہ بند سروے ( Sample Survey) (D)مقداری تحقیق( Quantitative Research )

-19 Plagiarism کا مطلب ہوتا ہے۔

(A) کسی دوسرے کے کام کو اپنے کام کے طور پر پیش کرنا (B) کسی دوسرے کے کام کو درست کرنا

(C)اشاریہ سازی (D) ان میں سے کوئی نہیں

-20 ایسا انٹرویو جس میں سوالات پہلے سے طئے شدہ ہوتے ہیں۔

(A)غیر منظّم یا غیر ساختی انٹرویو( Unstructured Interview) (B) منظّم یا ساختی انٹرویو( Structured Interview)

(C)غیر ہدایتی انٹرویو(Non-Directed Interview) (D) اعادہ انٹرویو(Repetitive Interview)

-21 بند یا مقید سوالنامہ(Closed-ended Questionnaire) کسے کہتے ہیں؟

(A) وہ سوالنامہ جس میں جواب دہندہ کو دیئے گئے سوالات کے مختصر یا طویل جوابات دینے ہوتے ہیں۔

(B) وہ سوالنامہ جس میں سوالوں کے جواب نہیں دیئے ہوتے بلکہ سوال کے سامنے کچھ خالی جگہ چھوڑ دی جاتی ہے جس سے اس خالی جگہ پر جواب دہندہ جواب لکھ سکے۔

C) وہ سوالنامہ جس میں ایسے سوال پوچھے جائیں جو انتہائی انفرادی اور نجی نوعیت کے ہوں۔

(D) وہ سوالنامہ جس میں سوال کے آگے ممکنہ جواب دیئے جاتے ہیں اور انھیں جوابوں میں سے کسی ایک کا انتخاب جواب دہندہ کو کرنا ہوتا ہے۔

-22 اصول تحقیق کی اصطلاح میں کسی مقالہ، بیان یا کتاب وغیرہ سے من وعن یا انتخاب واختصار سے اس کا کوئی حصہ نقل کرنے یا بیان کرنے کا عمل ۔۔کہلاتا ہے۔

(A) حوالہ دینا (B)اقتباس دینا

(C) کتابیات (D) حاشیہ دینا

-23 ایک اچھے سوالنامے کی خصوصیت نہیں ہے۔

(A) سوالات میں کسی طرح کے تعصب کا اظہار نہ ہو (B) سوالات کی تعداد بہت زیادہ نہ ہو۔

(C) سوالات غیر واضح اور طویل ہوں۔ (D) ان میں سے کوئی نہیں

Code : 63

-24 مندرجہ ذیل میں سے کون غیر امکانی نمونہ کاری(Non- Probability Sampling) ہے۔

(A) سادہ اتفاقی نمونہ کاری (Simple Random Sampling)

(B) سہولت بخش نمونہ کاری ( Convenience Sampling)

(C) رتب و منظّم نمونہ کاری ( Systematic Sampling)

(D) ان میں سے کوئی نہیں

-25 مشاہداتی طریقے کی خصوصیات ہے۔

(A) مشاہدہ مقداری ہوتا ہے۔ (B) مشاہدے میں حقائق کو ضبط کرنا اور ان کی جانچ کرنا بہت ضروری عمل مانا جاتا ہے۔

(C) مشاہدہ مطالعہ کرنے کا براہ راست طریقہ ہے۔ (D) مذکورہ تینوں صحیح ہیں۔

## Section -II (Subject Concerned) Islamic Studies

-26 جنگ بسوس کن دو قبیلوں کے درمیان لڑی گئی؟

(A) بنو امیہ اور بنو ہاشم (B) اوس وخزرج

(C) قیس وقضاعہ (D) بنو بکر اور بنو تغلب

-27 عرب مستعربہ کا نسب کن سے ملتا ہے؟۔

(A) حضرت اسحاق (B) حضرت اسماعیل

(C) مذکورہ دونوں سے (D) دونوں میں سے کسی سے نہیں

-28 فقہ حنفی میں الجامع الصغیر کس قسم کی کتابوں میں شامل ہے؟

(A) ظاہر الروایہ (B) نوادر

(C) فتاوی (D) نوازل

-29 شاذ کس قسم کی حدیث کو کہتے ہیں؟

(A) ثقہ راوی ضعیف راوی کی مخالفت کرے (B) ثقہ راوی اپنے سے اوثق راوی کی مخالفت کرے

(C) ایک ضعیف راوی متعدد ضعیف راویوں کی مخالفت کرے (D) ان میں سے کوئی نہیں

Code : 63

-30 کسی قوی تر دلیل کی بنا پر قیاسی حکم کو ترک کر دینے کا نام ہے :

(A) اجماع
(B) قیاس
(C) استحسان
(D) استصحاب

-31 فقہ کی اصطلاح میں سابقہ حکم کے باقی رکھنے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) سدا الذرائع
(B) استصحاب
(C) استحسان
(D) استصلاح

-32 مشہور جغرافیہ دان ابن خرداذبہ کا تعلق کس سن عیسوی سے ہے؟

(A) دسویں صدی عیسوی
(B) آٹھویں صدی عیسوی
(C) نویں صدی عیسوی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

-33 تہافتہ التہافہ کے مصنف کا نام بتایئے۔

(A) یعقوب کندی
(B) ابن رشد
(C) امام ابوبکر رازی
(D) امام غزالی

-34 الاخوان المسلمون کے بانی کا نام بتایئے۔

(A) محمد عبدہ
(B) حسن البنا
(C) جمال الدین افغانی
(D) سید قطب شہید

-35 واصل بن عطا کا تعلق کس فرقہ سے ہے؟

(A) مرجئہ
(B) خوارج
(C) معتزلہ
(D) قدریہ

-36 سید ابوالحسن علی ہجویری کی پیدائش کس سن میں اور کہاں ہوئی؟

(A) 1110ء دہلی
(B) 1050ء لاہور
(C) 1009ء غزنی
(D) 1050ء آگرہ

Code : 63

-37 مشہور طبیب محمد بن زکریا رازی کا تعلق کس عہد حکومت سے ہے؟

(A) اموی (B) فاطمی

(C) عثمانی (D) عباسی

-38 جامع ازہر کی بنیاد کس عہد حکومت میں رکھی گئی؟

(A) مملوک (B) کرد

(C) فاطمی (D) بنی بویہ

-39 کتاب الجمع بین راي الحکیمین افلاطون وارسطو کس فلسفی کی تصنیف ہے؟

(A) فارابی (B) رازی

(C) غزالی (D) ابن سینا

-40 کس سن عیسوی میں قسطنطنیہ فتح ہوا؟

1425 (A) 1420 (B)

1453 (C) (D) ان میں سے کوئی نہیں

-41۔ جمیعۃ علماء ہند کا پہلا سہ روزہ اجلاس کہاں منعقد ہوا؟

(A) دہلی (B) امرتسر

(C) دیوبند (D) کانپور

-42 مولانا امین احسن اصلاحی کے استاذ کون ہیں؟۔

(A) جمال الدین افغانی (B) سرسید

(C) مولانا حمید الدین فراہی (D) علامہ شبلی

-43 عہد اسلامی میں ترجمہ کی بنیاد کس نے رکھی؟

(A) ہارون رشید (B) مامون رشید

(C) خالد بن یزید (D) ان میں سے کوئی نہیں

Code : 63

-44 مصر میں مجمع البحوث الاسلامیہ کا قیام کس سنہ عیسوی میں عمل میں آیا؟

(A) 1961 | (B) 1972

(C) 1995 | (D) 2005

-45 جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پہلے وائس چانسلر کا نام بتایئے۔

(A) شیخ الہند | (B) حکیم اجمل خاں

(C) محمد علی جوہر | (D) ذاکر حسین

-46 آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی تاسیس کب رکھی گئی؟۔

(A) 1980 | (B) 1972

(C) 1970 | (D) 1937

-47 The origins of muhammadan jurisprudence

(A) ایڈورڈ مونٹیٹ | (B) سابلکوو Sabloukov

(C) پطرس محترم | (D) جوزف شاخت

-48 تہذیب الکمال کس فن کی کتاب ہے؟....

(A) طب | (B) حدیث

(C) اسماء الرجال | (D) تفسیر

-49 امام شافعی نے الرسالہ کس کے فرمائش پر لکھی تھی؟

(A) ہارون رشید | (B) امام محمد

(C) امام احمد | (D) عبدالرحمٰن بن مہدی

-50 حضرت عثمان کو جمع قرآن کا مشورہ کس صحابی نے دیا تھا؟

(A) حضرت ابوذر | (B) حضرت عمرو ابن العاص

(C) حضرت حذیفہ | (D) حضرت ابن عمر

Code : 63

## (Part - B) حصہ دوم

# Descriptive

**(4 X 5 = 20 marks)** چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

**(Research Methodology)**

1- تحقیق میں معروضی مطالعہ کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

2- تحقیق میں متعلقہ مواد جمع کرنے کے طریقوں پر تفصیل سے گفتگو کیجئے۔

**(Subject Concerned)**

3۔ بدلتے حالات میں اجتہاد کی ضرورت واہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

4۔ آلودگی کی مختلف صورتوں کو بیان کرتے ہوئے اسلامی تعلیمات کو بیان کیجئے۔

Code : 63

## Rough Work

Code : 63

## Rough Work